نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ سورج مکھی کیلئے کھادوں کی سفارشات جاری کر دیں۔

تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سورج مکھی کی کاشت پر 5ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:21دسمبر2022( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پاکستان ہر سال 300ارب روپے کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے جو کہ ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے۔اس لئے حکومت پنجاب تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت تیلدار اجناس کا زیرِ کاشت رقبہ بڑھانے کیلئے سورج مکھی کی کاشت پر 5ہزار روپے فی ایکڑ اور زرعی آلات پر 50 فیصد سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس کے علاوہ رجسٹرڈ کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے سورج مکھی کے نمائشی پلاٹ بھی لگائے جا رہے ہیں۔بہاریہ سورج مکھی سے بھرپور پیداوار لینے کے لئے کاشتکار منظور شدہ ہائبرڈ اقسام کی کاشت کریں اور شرح بیج 2 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں جبکہ بیج کے اُگاؤ کی شرح 90 فیصد ہونی چاہیے۔**کمزور زمین** میں بہاریہ سورج سے فی ایکڑ زیادہ پیداوار لینے کے لئے کاشتکار بوائی کے وقت پونے دو بوری ڈی اے پی اور ایک بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔اس کے علاوہ پہلے پانی کے ساتھ آدھی بوری یوریا اور دوسرے پانی کے ساتھ ایک بوری یوریا فی ایکڑ استعمال کریں۔پھول کی ڈوڈیاں بنتے وقت آدھی بوری یوریا فی ایکڑ مزید استعمال کریں۔**اوسط زرخیز زمین** میں بہاریہ سورج مکھی کے لئے بوائی کے وقت ڈیرھ بوری ڈی اے پی اور ایک بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں جبکہ پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ آدھی آدھی بوری یوریا فی ایکڑ ڈالیں۔اس کے علاوہ پھول اور ڈوڈیاں بنتے وقت مزید آدھی بوری یوریا فی ایکڑ استعمال کریں۔کاشتکار سورج مکھی کی کاشت زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کریں تا کہ تیلدار اجناس کے ملکی درآمدی بل میں کمی واقع ہو سکے۔

☆☆☆☆